عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایتہ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سُنّی دارالاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالے عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر: سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

سوال ۳۹: کیا حکم دیتے ہیں حاکمان محکمۂ شریعت کہ حمل کی حالت میں اپنی عورت سے جماع جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: حمل میں صحبت جائز ہے۔ والنہی عنہ منسوخ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال ۴۰: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام و فقہائے عظام اس مسئلہ میں کہ مرد و عورت میاں بی بی کہلاتے ہیں اور اسکی عام شہرت ہے لیکن ان کا نکاح ہونا کسی کو معلوم نہیں تو محض شہرت کی بنا پر انکو زوج و زوجہ تصور کیا جائے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: لوگوں میں عام اشتہار سے بھی لوگوں کے نزدیک نکاح ثابت ہو جاتا ہے یہاں تک ان کے زوج و زوجہ ہونے پر گواہی دینی جائز ہے۔ مگر عنداللہ اگر واقعی نکاح بطور شرع نہ کیا تو وہ زوج زوجہ نہیں۔ والمسئلۃ ظاہرۃ وفی الکتب دائرۃ کالھدایۃ والدر وشروحھما۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال ۴۱: نائبان رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اس بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ مرد و عورت نابالغ اور بالغ کے نکاح میں ان کے اذن کی ضرورت ہے اگر ہے تو گواہوں کی موجودگی بھی شرط ہے یا نہیں بینوا توجروا۔

الجواب: نابالغ و نابالغہ کے اولیا اور بالغ و بالغہ کے خود اپنے اذن کی حاجت ہے اور دو گواہوں کے سامنے ہونا مطلقاً لازم۔ مگر نابالغ یا نابالغہ کے غیر ولی نے بلا اذن ولی یا بالغ یا بالغہ کے ولی ہی نے ان کے اذن سے نکاح بحضور شہود پڑھا دیا اول میں ولی اور دوم میں خود اس بالغ یا بالغہ کی اجازت پر موقوف رہیگا۔ اگر جائز رکھیں گے جائز ہو جائیگا رد کر دیں گے باطل ہو جائے گا کما ھو حکم عقد الفضولی زن و شوہر کے علاوہ دو مرد یا ایک مرد دو عورتوں کا ہونا ضروری ہے اگرچہ ان کی موجودگی میں ایک یا دونوں مرد ہی ہوں جو ان کی طرف سے ایجاب و قبول کر رہے ہوں لان نہ معنی سفیر کما نصوا علیہ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوال ۴۲ تا ۴۶: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ان اقوال کے باب میں۔ اوّل ایک رسالہ میں لکھا ہے کہ شب معراج میں حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو حضرت پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ نے عرش معلےٰ پر اپنے اوپر سوار کر کے پہنچا یا یا کاندھا دیکر اوپر جانیکی معاونت کی یعنی یہ کام اوپر جانیکا براق اور جبرئیل علیہ السلام اور رسول کریم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم سے انجام کو نہ پہنچا۔ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ مہم سر انجام

کو پہنچائی۔

۲ دوسری یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر میرے بعد نبی ہوتا تو پیران پیر ہوتے۔

۳ تیسری یہ کہ زنبیل ارواح کی حضرت عزرائیل علیہ السلام سے حضرت پیران پیر نے چھین لی تھی۔

۴ چوتھی یہ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح کو دودھ پلایا ہے۔

۵ پانچویں اکثر عوام کے عقیدہ میں یہ بات جمی ہوئی ہے کہ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ تعالےٰ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے بھی زیادہ مرتبہ رکھتے ہیں۔ ان اقوال کا کیا حال ہے۔ مفصل بیان فرما کر اجر عظیم اور ثواب کریم پاویں اور رفع نزاع بین الفریقین فرمائیں۔

الجواب، اللھم لک الحمد فقیر غفر اللہ تعالےٰ لہ کلمات چند مجمل وسود مند گزارش کرے کہ اگرچہ فریقین میں کسی کو پسند نہ آئیں مگر بعونہ تعالےٰ حق وانصاف ان سے متجاوز نہیں۔ والحق احق ان یتبع واللہ الھادی الی صراط مستقیم یہ قول کہ اگر نبوت ختم نہ ہوتی تو حضور غوث پاک رضی اللہ تعالےٰ عنہ نبی ہوتے اگرچہ اپنے مفہوم شرطی پر صحیح و جائز اطلاق ہے کہ بیشک مرتبہ علیہ رفیعہ حضور پر نور رضی اللہ تعالےٰ عنہ تلو مرتبہ نبوت ہے۔ خود حضور معلّٰی رضی اللہ تعالےٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو قدم میرے جد اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اٹھایا میں نے وہیں قدم رکھا سوا اقدام نبوت کے کہ ان میں غیر نبی کا حصہ نہیں ؎

از نبی برداشتن گام اندتو بنہادن قدم : غیر اقدام النبوۃ سدّ ممشاہا الختام

اور جواز اطلاق یوں کہ خود حدیث میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے لئے وارد لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب۔ میرے بعد نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔ رواہ احمد والترمذی والحاکم عن عقبۃ بن عامر والطبرانی عن عصمۃ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما دوسری حدیث میں حضرت ابراہیم صاحبزادہ حضور اقدس سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لئے وارد ولو عاش ابراہیم لکان صدیقا نبیا اگر جیتے تو صدیق و پیغمبر ہوتے رواہ ابن عساکر عن جابر بن عبد اللہ وعن عبد اللہ بن عباس وعن ابی اوفی والباوردی عن انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ علماء نے امام ابو محمد جوینی قدس سرہ کی نسبت کہا ہے کہ اگر اب کوئی نبی ہو سکتا تو وہ ہوتے امام ابن حجر مکی اپنے فتاوی حدیثیہ میں فرماتے ہیں قال فی شرح المھذب انہ لقال عن الشیخ الامام المجمع علی جلالتہ

وصلاحہ وامامتہ ابی محمد الجوینی الذی قیل فی ترجمتہ لوجاز ان یبعث اللہ فی ھذہ الامۃ نبیاً لکان ابا محمد الجوینی مگر ہر حدیث حق ہے ہر حق حدیث نہیں۔ حدیث ماننے اور حضور اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نسبت کرنے کے لئے ثبوت چاہیئے۔ بے ثبوت نسبت جائز نہیں۔ اور قول مذکور ثابت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ حضرت ام المومنین محبوبہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہا وسلم کا روح اقدس سیدنا الغوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دودھ پلانا بعض مداحین حضور اسے واقعہ خواب بیان کرتے ہیں۔ کما رأیت فی بعض کتبہم التصریح بذلک اس تقدیر پر تو اصلاً وجہ استبعاد نہیں اور اب اس پر جو کچھ ایراد کیا گیا سب بیجا و بے محل ہے۔ اور اگر بیداری ہی میں مانا جاتا ہو تاہم بلاشبہ عقلاً ممکن اور شرعاً جائز اور اس میں کوئی استحالہ درکنار استبعاد بھی نہیں۔ اِنَّ اللہ علی کل شیئٍ قدیر۔ نہ ظاہر ہیں حضرت ام المومنین کے پاس شِیر نہ ہونا کچھ اس کے منافی کہ امور خارقہ للعادۃ اسباب ظاہریہ پر موقوف نہیں نہ روح عامۂ متکلمین کے نزدیک مجردات سے ہے اور فی نفسہا مادیہ نہ سہی تاہم مادہ سے اسکا تعلق بدیہی نہ جسم جسم شہادت میں منحصر جسم مثالی بھی کوئی چیز ہے کہ ہزارہا احادیث برزخ وغیرہ اسپر گواہ کیفما کان شک نہیں کہ روح مفارق کیطرف نصوص متواترہ میں نزول وصعود ووضع وتمکن وغیرہا اعراض جسم وجسمانیات قطعاً منسوب اور وہ نسبتیں اہل حق کے نزدیک ظاہر پر محمول یا لیت شعری جب ارواح شہدا کا میوہ ہای جنت کھانا ثابت الترمذی عن کعب بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ارواح الشہداء فی طیر خضر تعلق من ثمر الجنۃ بلکہ دوسری روایت میں ارواح عام مومنین کیلئے یہی ارشاد الامام احمد عن الامام الشافعی عن الامام مالک عن الزہری عن عبد الرحمن بن کعب بن مالک عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نسمۃ المؤمن طائر یعلق فی شجر الجنۃ حتی یرجعہ اللہ الی جسدہ یوم یبعثہ۔ تو دودھ پینے میں کیا استحالہ ہے حال روح بعد فراق وپیش از تعلق میں فارق کیا ہے۔ آخر حضرت ابراہیم علی ابیہ وعلیہ الصلاۃ والتسلیم کے لئے صحیح حدیث میں ہے کہ جنت میں دودھ پلائی انکی مدت رضاعت پوری کرتی ہیں احمد ومسلم عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ابراھیم ابنی وانہ مات فی الثدی وان لہ ظئرین یکملان رضاعہ فی الجنۃ یہ سب یہ باتیں نافی استحالہ ہیں نہ مثبت وقوع قول بالوقوع تاوقتیکہ نقل ثابت نہ ہو جزاف وبے اصل ہے۔